# 02-06-2024 SUNDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ تلنگانہ میں آج دھوم دھام سے اپنا دسواں یوم تاسیس منایا۔

۲۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ حکومت گرین تلنگانہ 2050 کے نام سے ایک جامع منصوبہ تیار کررہی ہے، جس کے مطابق ریاست کو تین زونس میں تقسیم کیا جائے گا اور ترقی دی جائے گی۔

۳۔ بی آر ایس کے صدر اور سابق وزیراعلیٰ کے چندر شیکھر راو نے حالیہ انتخابی ناکامیوں کے باوجود تلنگانہ اور اس کے عوام کے تعلق سے بی آر ایس کے عہد کو دہرایا اور کہا کہ مستقبل بی آر ایس کا ہے۔

۴۔ حیدرآباد آج سے آندھراپردیش تنظیم جدید قانون 2014ء کے مطابق تلنگانہ اور آندھراپردیش کا مشترکہ دارالحکومت نہیں رہے گا۔

اور

۵۔ ٹال فیس میں اضافہ پر آج آدھی رات سے عمل ہوگا جسے چناو کی وجہ سے ملتوی کردیا گیا تھا۔

☆☆☆

سابق صدر کانگریس سونیا گاندھی تلنگانہ کے عوام کو یقین دلایا ہے کہ ریاست میں کانگریس حکومت اپنی تمام ضمانتوں کو پورا کرے گی۔ سونیا گاندھی نے ریاست کے یوم تاسیس پر تلنگانہ کے عوام کو مبارکباد دی اور اس کی تیز رفتار ترقی اور روشن مستقبل کے لئے نیک تمناوں کا اظہار کیا۔ انہوں نے ایک ویڈیو پیام ریکارڈ کیا جسے آج پریڈ گراونڈ سکندرآباد پر تلنگانہ کے دسویں یوم تاسیس کے موقع پر اصل سرکاری تقریب کے دوران پیش کیا گیا۔ ریاستی حکومت نے انہیں تقریب میں حصہ لینے کے لئے دعوت دی تھی، لیکن صحت کی وجوہات کی بنا پر وہ شرکت نہیں کرسکیں۔ کانگریس لیڈر نے کہا کہ پچھلے دس سال میں تلنگانہ کی عوام نے انہیں کافی عزت اور محبت دی۔

☆☆☆

تلنگانہ میں آج دھوم دھام سے اپنا دسواں یوم تاسیس منایا۔ دن کی شروعات میں وزیراعلیٰ اے ریونت ریڈی نے گن پارک پر شہیدوں کی یادگار پر تلنگانہ کے شہیدوں کو گلہائے عقیدت پیش کیا۔ بعد میں انہوں نے پریڈ گراونڈ سکندرآباد پر قومی پرچم لہرایا اور مسلح پولیس دستوں سے سلامی لی۔ انہوں نے ایک نیا ریاستی ترانہ جیا جیا ہے تلنگانہ جاری کیا جسے اندیسری نے لکھا ہے اور آسکر جیتنے والے موسیقار ایم ایم کیراوانی نے اس کی طرز بنائی ہے۔ اپنے خطاب میں ریونت ریڈی نے اس بات پر زور دیا کہ حکومت حکمراں نہیں بلکہ ریاست کی خدمت گذار ہے اور انہوں نے ریاست میں پرجا پالنا شروع کیا ہے۔ ریونت نے بتایا کہ حکومت ایک جامع منصوبہ تیار کررہی ہے، جسے گرین تلنگانہ 2050 کا نام دیا گیا ہے۔ اس کے مطابق ریاست کو تین زونس اربن تلنگانہ یعنی حیدرآباد آوٹر رنگ روڈ کے اندر، سب اربن تلنگانہ یعنی او آر آر سے ریجنل رنگ روڈ تک اور دیہی تلنگانہ یعنی ریجنل رنگ روڈ سے ریاستی سرحدوں تک میں تقسیم کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ان زونس میں ترقیاتی منصوبوں کا بہت جلد اعلان کیا جائے گا۔

وزیراعلیٰ کئی دوسرے مسائل پر بات کی، جن میں موسیٰ ندی کی ترقی، روزگار اور ملازمتیں، تعلیم، امکنہ، بجلی اور کسانوں کے مسائل شامل ہیں۔

گورنر راتھا کرشنن نے راج بھون میں تلنگانہ کے دسویں یوم تاسیس پر پولیس سے سلامی لی۔ گورنر نے کہا کہ انہیں خوشی ہے کہ تلنگانہ اپنی تشکیل کا ایک دہا منا رہا ہے۔ چیف سکریٹری شانتی کماری نے سکریٹریٹ میں قومی جھنڈا لہرایا اور کہا کہ کرپشن کا خاتمہ سب کا نشانہ ہونا چاہئے۔ ہائی کورٹ اور بس بھون میں بھی یوم تاسیس تقریب رکھی گئی۔ حیدرآباد میں بی جے پی کے ریاستی دفتر میں پارٹی کے راجیہ سبھا رکن ڈاکٹر لکشمن نے قومی جھنڈا لہرایا۔

☆☆☆

ملک کے اہم میٹرو پولیٹن شہروں میں سے ایک حیدرآباد اب آندھراپردیش تنظیم جدید قانون 2014ء کے تحت تلنگانہ اور آندھراپردیش کا مشترکہ دارالحکومت نہیں ہوگا۔ آج سے حیدرآباد صرف تلنگانہ کا دارالحکومت ہوگا۔ جب 2014ء میں آندھراپردیش کو دو حصوں میں بانٹا گیا تھا، حیدرآباد کو دس سال کے لئے دونوں ریاستوں کا دارالحکومت بنایا گیا تھا۔ بٹوارے کے بعد دس سال کا عرصہ گذرنے پر بھی آندھراپردیش اور تلنگانہ کے درمیان کئی مسائل حل نہیں ہوئے، جن میں اثاثوں کی تقسیم شامل ہیں۔

☆☆☆

بھارت راشٹرسمیتی بی آر ایس کے امیدوار نوین کمار ریڈی نے محبوب نگر مجالس مقامی حلقہ کی ایم ایل سی نشست جیت لی ہے۔ انہوں نے 763 ووٹ حاصل کئے اور اپنے کانگریس کے حریف منے جیون ریڈی کو 108 ووٹوں سے ہرایا۔ بی آر ایس ایم ایل سی کاسی ریڈی نارائن ریڈی کے استعفیٰ کی وجہ سے یہ ضمنی چناو ضروری ہوئے تھے۔ کاسی ریڈی کانگریس میں شامل ہوئے تھے اور 2023ء کے ریاستی چناو میں کلواکرتی کی اسمبلی سیٹ جیتی تھی۔ بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راو نے کہا کہ محبوب نگر ایم ایل سی ضمنی چناو میں پارٹی کی کامیابی تلنگانہ کے سیاسی منظر میں ایک اہم موڑ کی نشانی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ کے آبائی ضلع میں مجالس مقامی حلقہ میں کامیابی ریاست میں بدلتی ہوئی سیاسی ہواوں کا ثبوت ہے۔

☆☆☆

تمام ضلع ہیڈ کوارٹرس میں ریاست کی یوم تاسیس تقریبات کلکٹرس کی نگرانی میں بڑے پیمانے پر رکھی گئیں۔ حیدرآباد کے کلکٹر آفس میں تلنگانہ یوم تاسیس تقریب ہوئی۔ ضلع کلکٹر انو دیپ دوری شیٹی نے تلنگانہ تلی کے پوٹریٹ کی گلپوشی کی اور قومی پرچم لہرایا۔ بھوپالا پلی ضلع ہیڈ کوارٹر میں ضلع کلکٹر بھاویش مشرا نے شہیدوں کے نشان اور پروفیسر جیاشنکر کے مجسمہ کی گلپوشی کی۔ کریم نگر ضلع کلکٹر پامیلا ستپتی نے ضلع کلکٹر آفیس میں پرچم لہرایا اور پولیس کی سلامی حاصل کی۔ پدا پلی میں ضلع کلکٹر مزمل خان یوم تاسیس تقریبات میں مہمان خصوصی تھے۔ انہوں نے کہا کہ پرجاوانی پروگرام کے ذریعہ عوام کو عہدیداروں سے بات چیت اور اپنے مسائل اٹھانے کا موقع دیا گیا ہے۔ سدی پیٹ میں کلکٹر منوج چودھری نے قومی پرچم لہرایا۔ انہوں نے کہا کہ تلنگانہ ریاست ہندوستان میں ایک انوکھی ریاست ہے، جہاں کثرت میں وحدت پائی جاتی ہے۔ کھمم ضلع کلکٹر وی پی گوتم نے کھمم میں ہونے والی یوم تاسیس تقریب میں قومی پرچم لہرایا۔ انہوں نے تلنگانہ کے شہیدوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ ناگر کرنول ضلع ہیڈ کوارٹر میں کلکٹر اودئے کمار نے پولیس پریڈ گراونڈ میں قومی پرچم لہرایا۔ عادل آباد ضلع کلکٹر راجارشی شاہ نے قومی پرچم لہرایا اور پولیس سے سلامی لی۔ انہوں نے عادل آباد ضلع میں ترقیاتی اور فلاحی پروگراموں میں پیشرفت کی وضاحت کی۔ منچریال ضلع کلکٹر بی سنتوش نے ضلع ہیڈ کوارٹر میں شہیدوں کے مینار پر خراجِ عقیدت پیش کیا۔ محبوب آباد ضلع ہیڈ کوارٹر میں کلکٹر ادویت کمار سنگھ نے شہیدوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ کاماریڈی کے اینٹی گریڈیٹ ڈسٹرکٹ آفیسس میں خطاب کرتے ہوئے کلکٹر جتیش پاٹل نے ریاست کو حاصل کرنے کی عظیم تحریک سے جڑے ہوئے تمام لوگوں کو مبارکباد دی۔ انہوں نے شہیدوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ آصف آباد ضلع ہیڈ کوارٹر میں ضلع کلکٹر وینکٹیش دھوترے مہمان خصوصی تھے۔ انہوں نے قومی پرچم لہرایا اور ضلع کی ترقی پر پروگریز رپورٹ پیش کی۔ جنگاوں کے ضلع کلکٹر رضوان باشاہ شیخ نے کلکٹریٹ میں یوم تاسیس تقریب میں حصہ لیا اور تلنگانہ تحریک کے شہیدوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ راجنا سرسلہ ضلع میں یوم تاسیس تقریبات منائی گئی۔ عہدیداروں نے تمام منڈلوں میں واقع سرکاری دفتروں میں قوم پرچم لہرائے۔ کئی دیہاتوں میں متاثر کن انداز میں تہذیبی پروگرامس پیش کئے گئے اور شہیدوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔

☆☆☆

ریاست کی یوم تاسیس کے موقع پر آج شام ٹینک بنڈ پر زبردست جشن منایا جائے گا۔اس موقع پر 80 اسٹالس لگائی گئی ہیں،جن میں تلنگانہ کی دستکاری اشیاء اور کھانے پینے کی چیزیں شامل ہوں گی۔700 فنکاروں کے ساتھ تلنگانہ کے فنون کا میلہ لگایا جائے گا۔پانچ ہزار لوگوں کے قومی پرچم کے ساتھ ٹینک بنڈ پر ایک فلیک واک اور تہذیبی اور رقص کے پروگرامس پیش کئے جائیں گے۔حسین ساگر پر آتش بازی بھی کی جائے گی،جس سے آسمان رنگا رنگ ہو جائیگا۔

☆☆☆

بی آر ایس کے صدر اور سابق وزیر اعلیٰ کے چندر شیکھر راو نے تلنگانہ اور اس کے عوام کے تعلق سے بی آر ایس کے عہد کو دہرایا۔حالانکہ اسے حالیہ انتخابات میں دھکے لگے ہیں۔انہوں نے کہا کہ سیاسی نتیجوں سے پارٹی کا مشن متاثر نہیں ہوگا۔تلنگانہ بھون میں تلنگانہ یوم تاسیس کی دس سالہ تقاریب میں حصہ لیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مستقبل بی آر ایس کا ہے،جو جلد ہی تلنگانہ کے لئے نئی حکمتِ عملی اور مقصد کے ساتھ نیا ایجی ٹیشن شروع کرے گی۔انہوں نے تلنگانہ کے یوم تاسیس پر تمام شہریوں کو مبارکباد دی۔

☆☆☆

ٹال فیس میں اضافہ پر آج آدھی رات سے عمل ہوگا۔جسے چناو کی وجہ سے ملتوی کر دیا گیا تھا۔حیدرآباد۔وجئے واڑہ قومی شاہراہ پر کاروں،وینس اور جیپس کے لئے ٹال فیس ون وے کے لئے پانچ روپے اور دونوں طرف سفر کے لئے دس روپے بڑھا دی گئی ہے۔ہلکی گاڑیوں کے لئے بیس روپے،بسوں اور ٹرکس کے لئے 35 روپے اور بھاری ٹرانسپورٹس وہیکلس کے لئے پچاس روپے کا اضافہ کیا گیا ہے۔

☆☆☆

سر پور حلقہ سے بی جے پی کے رکن اسمبلی پی ہریش بابو نے خبردار کیا ہے کہ اگر آصف آباد ضلع میں پوڈو لینڈ پر قبضہ کیا گیا تو محکمہ جنگلات کے عہدیداروں کو بند کر دیا جائے گا۔ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ضلع میں محکمہ جنگلات کے عہدیداروں کی ہراسانی میں دن بہ دن اضافہ ہو رہا ہے۔انہوں نے الزام لگایا کہ کانگریس کی حکومت سے پہلے پارٹی نے کہا تھا کہ وہ پوڈو کسانوں کا ساتھ دے گی اور اب انہی کسانوں کو ستا رہی ہے۔

☆☆☆

حیدرآباد اور آس پاس کے علاقوں میں آج شام سے بارش ہو رہی ہے۔دفتر موسمیات نے بتایا کہ اگلے تین دن تلنگانہ کے کئی حصوں میں بارش ہوگی۔اس دوران جنوب مغربی مانسون آج آندھرا پردیش کے رائل سیما میں داخل ہو گیا۔